## حق پرست عوام ڈاکٹر قدرالزماں کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

کراچی۔۔۔27، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی لانڈھی ٹاؤن یوسی 3 کے سابق رکن ڈاکٹر قدرالزماں کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورکارکنوں سے اپیل کی کہ وہ ڈاکٹر قدرالزماں کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی کی کتاب ''تاریخ بیت اللہ'' کی تقریب رونمائی کل ہوگی
## تقریب سے الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔27، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی کی کتاب ''تاریخ بیت اللہ'' کی تقریب رونمائی کل بروز بدھ کوشام ساڑھے 5 بجے بیچ لگژری ہوٹل کے جاسمین ہال میں منعقد ہوگی۔تقریب رونمائی سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔تقریب رونمائی میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، اراکین اسمبلی، دانشور، ادباء، شعراء اورزندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات شرکت کریں گے۔خانہ کعبہ کی تاریخ پر لکھی گئی یہ کتاب اردو، انگلش اورعربی میں بھی شائع کی گئی ہے۔

## ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر کے کارکن نورمحمد صابری کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔27، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یونٹ یوسی 2 کے کارکن نورمحمد صابری کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگولواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ملک بھر کے مظلوموں کی ترجمان ہے، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی

کراچی۔۔۔27، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ ایم کیوایم کی سیاست کا مقصد عوام کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت ہے اورایم کیوایم ملک بھر کے مظلوم عوام کی ترجمان ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ 98، فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے اورآزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست منتخب نمائندوں کا ڈپٹی اسپیکر اورحکومتی وزیر کا حلف اٹھانا اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم ملک گیر جماعت ہے اورکشمیری عوام بھی ایم کیوایم کو اپنا نجات دہندہ تسلیم کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق پرستانہ نظریہ میں ہی ملک کی تمام قومیتوں، برادریوں اور مذاہب کے ماننے والوں کے مسائل کا حل موجود ہے اورانشاء اللہ وہ دن دورنہیں جب حق پرستی کے سورج کی کرنیں پوری آب وتاب کے ساتھ ملک کے گوشے گوشے میں پھیلیں گی اورملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا اندھیرا ختم ختم ہوجائے گا۔

## لیاقت آباد سیکٹر کے شہید کارکن عابد ایوب انصاری کی ہمشیرہ، فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن کے والد
## اور بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن نورمحمد صابری کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔27، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن نورمحمد صابری، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 162 کے شہید کارکن عابد ایوب انصاری کی ہمشیرہ محترمہ لبنیٰ قمر اورایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 151 کے کارکن محمد عظیم کے والد محمد ابراہیم کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم زبانی جمع خرچ کے بجائے عملیت پسندی پر یقین رکھتی ہے،محبان پاکستان

## ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقہ کے افراد اسمبلیوں میں بھیجا ہے

دبئی۔۔۔27،جنوری2009ء۔۔۔خلیجی ممالک میں مقیم پاکستانیوں کی تنظیم محبان پاکستان (اوورسیز) متحدہ عرب امارات کے آرگنائزر راے ہدا خان اور مرکزی ایڈہاک کمیٹی کے ارکان نے کہاہے کہ حق پرستی کا فکر وفلسفہ آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں پھیل چکا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے ایم کیوایم کے نمائندے سلیم بٹ کوآزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ڈپٹی اسپیکر اور طاہر کھوکھر کوحکومتی وزیر کا عہدہ سنبھالنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست نمائندے مظلوم کشمیری عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنا بھر پور کردارادا کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا نعرہ ہی نہیں لگایا بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کے افراد کو سینیٹ،قومی وصوبائی اسمبلی اورآزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں بھی بھیجا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم زبانی جمع خرچ کے بجائے عملیت پسندی پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام نے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام سے حق حکمرانی چھین رکھا ہے اور جب تک ملک بھر کے عوام متحد ہوکر فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف میدان عمل میں نہیں آئیں گے اس وقت تک ان کے بنیادی مسائل حل نہیں ہونگے۔

## اخلاق حسین عابدی کے بہنوئی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔27،جنوری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سابق حق پرست رکن قومی اسمبلی اخلاق حسین عابدی اور سابق حق پرست مشیر اطلاعات حامد حسین عابدی کے بہنوئی ذکی عابدی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے کارکن عدیل حسنین کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی اور ایم کیوایم یوکے کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔27 جنوری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے کارکن عدیل حسنین کی والدہ محترمہ صالحہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواروں کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیوایم برطانیہ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے بھی عدیل حسنین کی والدہ محترمہ صالحہ بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالی مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆